شکایت کیسے درج کی جائے:

1۔ انگریزی یا اُردو میں تحریر کردہ شکایت وفاقی محتسب سیکرٹریٹ یا علاقائی دفاتر WMS فارم "A" پر ویب سائٹ ww.mohtasib.gov.pk
درج پتے پر دی جاسکتی ہے۔ یہ پتہ ضمیمہ میں درج ہے۔

2۔ اگر شکایت 'WMS- Form 'A پر درج نہ کی گئی ہو تو اُس کے ہمراہ حلفیہ بیان دینا ہوگا:
(الف) شکایت میں لگائے گئے الزامات شکایت دہندہ کے بہترین علم اور معلومات کے مطابق درست اور سچے ہیں۔
(ب) اس سے متعلق وفاقی محتسب یا اس کے کسی علاقائی دفاتر میں اس سے قبل کوئی شکایت نہیں کی گئی۔
(ج) اس موضوع پر شکایت کے کسی معاملہ یا مواد سے متعلق دائر اپیل، پٹیشن اور مقدمہ کی صورت میں کوئی کارروائی نہیں کی جائے گی۔ اسی طرح اگر یہ معاملہ کسی عدالت ٹریبونل یا بورڈ میں ہو تو بھی کارروائی نہیں ہوگی۔
(د) شکایت کے مندرجات یا مواد میں لگائے گئے الزامات کے ضمن میں مجاز حکام سے بھی رجوع کیا گیا۔ تاہم اس کا معقول وقت میں کوئی جواب موصول نہیں ہوا۔ جبکہ کی گئی استدعا غیر مصنفانہ طور پر مسترد کی گئی۔

3۔ وفاقی محتسب کے پاس شکایت دائر کرنے سے پہلے عام طور پر متعلقہ محکمہ کے مجاز اعلیٰ حکام سے دادرسی طلب کرنے کی ضرورت ہوتی ہے تا کہ انھیں ایسا کرنے کا موقع ملے۔

4۔ شکایت کے ساتھ اگر ممکن ہو تو متعلقہ ادارے کے ساتھ کی گئی حالیہ خط و کتابت، متعلقہ دستاویزات بشمول قومی شناختی کارڈ کی نقول بھی منسلک کی جائیں۔

5۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے کسی بھی دفتر میں ذاتی شکایت درج کرنے کی فوری رسید جاری کی جاتی ہے۔ تاہم کسی دیگر ذرائع سے شکایت بھیجنے
کی صورت میں رسید 72 گھنٹوں کے اندر اندر جاری کی جاتی ہے۔

درخواست فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ازراہ مہربانی درج ذیل لنک پر کلک کریں۔

https://mohtasib.gov.pk/SiteImage/Downloads.form_a_english.pdf

https://mohtasib.gov.pk/SiteImage/Downloads.form_a_urdu.pdf

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ

36 شاہراہ دستور، جی-5/2، سیکٹر G-5، اسلام آباد

فون: +92-51-9216764 ,+92-51-9216763 ,+92-51-9216762

وفاقی حکومت کے محکموں کے خلاف آن لائن شکایت درج کرنے کے لیے

www.mohtasib.gov.pk

ای میل: fpc.commissioner@gmail.com

ویب سائٹ: www.mohtasib.gov.pk

بچوں کی شکایت کے لیے ہیلپ لائن 1056